# صَلٰوۃُ الحَسَنَینِ
# بِفَیضَانِ غَوثِ الثَّقَلَینِ



تالیف


محمد عزیز سلطان ناچیز

٩٢ ٧٨٦

# صَلٰوۃُ الحَسَنَیْنِ

## بِفَیْضَانِ غَوْثِ الثَّقَلَیْنِ





تالیف

بموقع ربیع ثان ۱۴۳۹ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین
ومخدوم سیدنا الشیخ احمد ولی اللہ رضی اللہ عنہم


محمد عزیز سلطان ناچیز

ہاتف: ۹۶۹۵۴۳۵۸۷۷

# فضیلت صَلوٰۃُ الحَسَنَین
# بِفَیَضَانِ غَوثِ الثَّقلَین

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ○

بِسمِ اللہِ وَالسَّلَامُ عَلیٰ سَیِّدِنَاھُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللہِ

زیر نظر کتاب "صلوٰۃ الحسنین بفیضان غوث الثقلین" سیدی ومرشدی بازاشہب محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادی رضی اللہ عنہ کے روحانی فیضان سے ترتیب دی گئی ہے، اس درود کے بے شمار فضائل ہیں جو احاطۂ تحریر میں نہیں آسکتے کیونکہ اس درود کو پڑھنے والے کے درجات نہایت بلند ہوجاتے ہیں اللہ اسے ایسی نعمتیں عطا فرمائے گا جنہیں نہ تو کسی آنکھ نے دیکھا ہوگا نہ کسی کان نے سنا ہوگا اور نہ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال گذرا ہوگا جو شخص اس درود کو روزانہ صبح وشام

۱۱۱/ بار یا ۱۱/ مرتبہ پڑھے گا تو اس کا ظاہر و باطن جملہ ظاہری وباطنی بیماریوں سے محفوظ ہو جائے گا اس پر عالم ارواح کا فیضان جاری ہو گا وہ ارواح و قلوب کے انوار سے مستفید ہو گا اور وہ عالم ملکوت وجبروت اور لاہوت کا مشاہدہ کرنے والا ہو گا اس پر مَنۡ عَرَفَ نَفۡسَہٗ فَقَدۡ عَرَفَ رَبَّہٗ (جس نے اپنے نفس کو پہچانا بے شک اس نے اپنے رب کا عرفان حاصل کیا) کی حقیقت کے دروازے کھول دیئے جائینگے اسے اللہ ورسول کی رضا حاصل ہو گی اور اسے سیدالکونین نبی کریم ﷺ اور آپ ﷺ کے آل واصحاب کی زیارت نصیب ہو گی اور اسے راہ شریعت وطریقت اور معرفت وحقیقت کی طرف سیدی باز اشہب محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی کی رہبری حاصل ہو گی اور وہ وساوس نفسانیہ وافعال شیطانیہ وخصائل بہائمیہ اور اعمال شنیعہ سے نجات پائے گا، اس کا دل دائمی طور پر اللہ تعالیٰ کے ذکر و محبت اور اس کے حبیب ﷺ کی محبت میں شرابور رہے گا اس کی عقل علم کی

آفتوں سے محفوظ رہے گی اسے دہر و قبر و حشر میں اللہ و رسول کی خوشنودی حاصل ہو گی اور اسے ''وَمَنۡ يُّؤۡتَ الۡحِكۡمَةَ فَقَدۡ اُوۡتِىَ خَيۡرًا كَثِيۡرًا'' (اور جسے حکمت عطا کر دی گئی پس یقینا اسے خیر کثیر عطا کر دیا گیا) کا فیض عطا کیا جائے گا اور اللہ اسے ''رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِى الدُّنۡيَا حَسَنَةً وَّفِى الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ'' (اے ہمارے پالنہار تو ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھلائی دے اور تو ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے) کی نعمتوں سے مالامال کرے گا، اسے شیطان مردود اور اسکی ذریت اور اس کے لشکریوں کے شروں سے ظاہری و باطنی طور پر بچالیا جائے گا اور اللہ اسے نفس امارہ کے مقابلہ میں غالب فرمادے گا وہ نفس لوامہ و ملہمہ و مطمئنہ و راضیہ و مرضیہ اور نفس کاملہ کے انوار کا مشاہدہ کرے گا اسے ان اعمال کی توفیق حاصل ہو گی جن سے اللہ و رسول کی قربت حاصل ہوتی ہے، اسے دنیا ہی میں جنت کی بشارت دی جائے گی اور وہ عالم

ناسوت سے اٹھ کر عالم روحانیہ میں عالم ملکوت وجبروت وعالم لاہوت واحدیت اور عالم وحدت کا سیر کرنے والا ہو جائے گا یہاں تک کہ وہ تمام عالم روحانیہ سے فیض حاصل کرے گا اور وہ ہلاک کرنے والے امراض اور جسموں اور دلوں کی بیماریوں سے شفا پا جائے گا اس سے وہ تمام خطرات وخیالات دور ہو جائینگے جو کاہلی اور گمراہی کی طرف لے جاتے ہیں اللہ اپنے فضل و کرم سے غفلت ونسیان کو اس کے دل سے نکال دے گا اس کا باطن مخزن اسرار بن جائے گا، اور اس پر خزائن الہیہ اور معارف ربانیہ کے دروازے کھول دیئے جائینگے، اس کے اندر حیا کی خصلت پیدا ہو جائے گی اس کا دل اور اس کا چہرہ نور ایمان سے منور رہے گا اللہ اس کے گناہوں کو بخش دے گا اور اس کی نافرمانیوں کو مٹادے گا، اس کے دل سے دنیا وماسوی اللہ کی عظمت ومحبت نکل جائے گی اور اس کا نفس علائق دنیا سے کمزور ہو جائے گا اللہ کے حکم سے اس کے سارے معاملات

آسان ہو جائینگے اسے صفائے قلب کی دولت حاصل ہو گی اور وہ جملہ بلیات و آفات سے محفوظ رہے گا اس کا دل گناہوں اور جملہ ممنوعات سے سلامت رہے گا اسے ہر لمحہ اللہ کی مدد حاصل ہو گی اور وہ مستجاب الدعوات ہو گا اگر جاں بلب لاعلاج مریض اس درود کو پڑھے تو اسے فوراً شفا ملے گی، خلاصہ یہ کہ یہ درود سیدی غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی کرامتوں میں سے ایک کرامت ہے جس کے ثمرات و نتائج اور عجائب و غرائب پڑھنے والا خود مشاہدہ کرے گا انشاءاللہ تعالیٰ، بارگاہ رب العالمین میں دعاہے کہ مولیٰ تعالیٰ ہم سب کو شمس الاولیاء سیدی شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادی رضی اللہ عنہ کے صدقہ و طفیل میں اس درود پاک کو پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کے فیوض وبرکات سے خوب خوب نوازے۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى شَفِيْعِ الْاُمَّةِ وَرَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

# صَلوٰةُ الحَسَنَیۡنِ
# بِفَیَضَانِ غَوۡثِ الثَّقۡلَیۡنِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

بِسۡمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا ھُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ

یَااِلٰہَ الحَسَنَیۡنِ یَا رَبَّ الحَسَنَیۡنِ ○

بِحَمۡدِہٖ وَبِشُکۡرِہٖ وَبِہٖ نَسۡتَعِیۡنُ ○

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِنُوۡرِکَ الرَّحۡمَۃِ وَالۡبَرَکَۃِ

وَبِکَرَمِکَ الۡعَظِیۡمِ اَنۡ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ دَائِمًا اَبَدًا

عَلٰی سَیِّدِنَا الَّذِیۡ جَعَلۡتَہٗ رَحۡمَۃً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ○ وَ مَا

جَعَلۡتَ کَمِثۡلِہٖ اَحَدًا وَمَوۡلٰینَا مُحَمَّدٍ ذِی الۡقَدۡرِ

الْعَظِيْمِ الَّذِیْ قَالَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا
شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَالْحُسَيْنُ مِنِّیْ وَاَنَا مِنَ
الْحُسَيْنِ ○ وَعَلٰی وَالِدَيْهِ الْمُكَرَّمِيْنِ وَاٰلِهٖ
الطَّيِّبِيْنَ وَاَهْلِ بَيْتِهِ الْمُطَهَّرِيْنَ وَاَزْوَاجِهٖ
الْمُطَهَّرَاتِ وَذُرِّيَّاتِهِ الْمُزَكَّيَاتِ وَاَصْحَابِهِ الْعِظَامِ
وَجَمِيْعِ شُهَدَائِهِ الْمَرْضِيِّيْنَ ○ وَاَوْلِيَائِهِ الْكِرَامِ
وَكُلِّ اُمَّتِهٖ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ صَلٰوةً
تَرْزُقُنَا بِهَا كُلَّ الْخَيْرِ وَتَحْفَظُنَا بِهَا مِنْ سَخَطِكَ
عِنْدَ كُلِّ عُسْرَةٍ ○ يَامَنْ اَعْطَى الْكَثِيْرَ بِالْقَلِيْلِ
وَيَامَنْ اَعْطٰی مَنْ سَئَلَهٗ تَحَنُّنًا مِّنْهُ وَرَحْمَةً وَيَامَنْ
اَعْطٰی مَنْ لَّمْ يَسْئَلْهُ وَلَمْ يَعْرِفْهُ ○ وَتُعْطِيْنَا بِهَا

بِمَسْئَلَتِكَ خَيْرَ الدُّنْيَا وَجَمِيْعَ خَيْرِ الْاٰخِرَةِ فَاِنَّهٗ

غَيْرُ مَنْقُوْصٍ مَّا اَعْطَيْتَ وَتَزِيْدُنَا بِهَا مِنْ سِعَةِ

فَضْلِكَ يَا كَرِيْمُ ○ وَتَجْعَلُ بِهَا قَلْبِيْ وَاٰدَّالَّكَ وَ

حَامِدًا وَّشَاكِرًا لَّكَ وَمَرْضِيًّا لَّكَ وَلِحَبِيْبِكَ وَ

مُصَلِّيًا وَّمُسَلِّمًا عَلَيْهِ وَمُشَفَّعًا لَّهٗ وَ مَرْضِيًّا

لِّاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَلِمَنْ رَضُوْا عَنْهُمْ ○

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے،

اللہ کے نام سے شروع اور خوب خوب سلامتی نازل ہو ہمارے

سردار محمد ﷺ پر جو اللہ کے رسول ہیں۔

اے حسنین کریمین کے معبود اے حسنین کریمین کے پالنہار،

اللہ ہی کے لئے تمام تعریف ہے اور اسی کا شکر ہے اور ہم اسی سے

مدد چاہتے ہیں۔

اے ہمارے اللہ بے شک میں تجھ سے تیرے نور رحمت، تیرے نور برکت اور تیرے کرم عظیم کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو خوب خوب دائمی ابدی درود و سلام نازل فرما ہمارے اس سردار پر کہ جسے تو نے سارے جہان کے لئے رحمت بنا کر بھیجا اور تو نے ان کی مثل کسی کو نہیں بنایا اور خوب خوب درود و سلام نازل فرما ہمارے مولیٰ عظیم قدر و منزلت والے محمد ﷺ پر کہ جنہوں نے فرمایا حسن و حسین (علیہما السلام) جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں اور حسین (علیہ السلام) مجھ سے ہیں اور میں حسین (علیہ السلام) سے، اور خوب خوب درود و سلام نازل ہو آپ ﷺ کے والدین کریمین پر، آپ ﷺ کی پاکیزہ آل واولاد پر، آپ ﷺ کی ستھری اہل بیت پر، آپ ﷺ کی ازواج مطہرات پر، آپ ﷺ کی پاکباز ذریت پر اور آپ ﷺ کے عظمت و بلندی والے صحابہ پر، مقام رضا

پانے والے تمام شہداء پر، آپ ﷺ کے مکرم اولیاء پر اور اولین و آخرین میں سے آپ ﷺ کے تمام امتیوں پر، ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہمیں ساری بھلائیاں عطا فرما اور ہر گناہ پر اپنی ناراضی سے بچالے اے وہ جو تھوڑے عمل پر بہت سا ثواب عطا فرماتا ہے اے وہ کہ جو اپنے کرم واحسان کی بناء پر اسے بھی دیتا ہے جو اس سے سوال کرے اور اسے بھی دیتا ہے جو اس سے سوال نہیں کرتا بلکہ اسے نہیں پہچانتا اور تو ہمیں اپنی بارگاہ کریمی سے دنیا و آخرت کی ہر بھلائی عطا فرما کیونکہ اس عطا سے تیرے خزانے میں کچھ بھی کمی نہ آئے گی، اے کریم تو اپنے وسیع فضل و کرم کو مجھ پر اور زیادہ فرما، اور تو میرے دل کو تجھ سے محبت کرنے والا بنادے تیرا حمد و شکر کرنے والا بنادے، تیری اور تیرے حبیب ﷺ کی خوشنودی پانے والا بنادے اور اس دل کو تیرے حبیب ﷺ پر درود و سلام بھیجنے والا

بنادے اور تیرے حبیب ﷺ کی شفاعت پانے والا بنادے اور اس دل کو تیرے حبیب ﷺ کی اہل بیت واصحاب کی خوشنودی پانے والا بنادے اور جن سے یہ راضی ہیں ان کی بھی خوشنودی پانے والا بنادے۔



نوٹ: آستانۂ حضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم سے متعلق جملہ مطبوعات مثلاً درود روحانی و دعائے قلبی، درود محمدی ﷺ، سلام محمدی ﷺ مع اسرار ''م ح م د'' اور درود چہل میم وغیرہ www.syed14peer.com پر ملاحظہ کرسکتے ہیں۔ Mo. 9695435877





روضۃ مخدوم سیدنا الشیخ احمد ولی اللہ البغدادی المعروف بہ
آستانہ چودھوں پیراں رضی اللہ عنہم اللہ آباد، یوپی، الھند
www.syed14peer.com • Mob.: 9695435877